کرائے داروں کے لیے بار بار پوچھے جانے والے سوالات

میں اپنی فائل، اپنے گھر کے بارے میں یا اپنی معلومات کی تجدید کے لیے Civida سے رابطہ کیسے کرسکتا ہوں؟

آپ درج ذیل ذرائع سے ہم تک رسائی پاسکتے ہیں:

- **بذریعہ ای میل:** help@cívida.ca
- **بذریعہ فون:** 780-420-6161
  - **مینٹننس کی فوری ضروریات:** 780-420-6161 ایکسٹینشن 2
- **بذریعہ فیکس:** 780-426-6854
- **بذریعہ ڈاک:** Civida, 10232 112 Street NW, Edmonton AB, T5K 1M4
- **ہمارے دفتر میں بنفسِ نفیس تشریف لا کر:** 10232 112 Street NW, Edmonton AB
  - **براہِ کرم نوٹ فرما لیں:** ہمارا دفتر COVID-19 کے باعث بند ہوسکتا ہے۔ تازہ ترین صورتحال جاننے کے لیے براہِ کرم ہماری ویب سائٹ کا جائزہ لیں یا فون کریں۔
- **ہمارے ڈراپ بکس میں مراسلہ ڈال کر:** یہ ڈراپ بکس ہمارے صدر دفتر کے دروازوں پر بائیں جانب موجود ہیں۔

اضافی معلومات بشمول فارمز اور معلوماتی پرچے ہماری ویب سائٹ civida.ca پر کرایہ داروں کی سہولیات کے سیکشن میں دستیاب ہیں۔

میں اپنی معلومات تبدیل یا اس کی تجدید کیسے کروں؟

اگر آپ کا فون نمبر، آمدنی کے ذرائع یا فیملی کا حجم تبدیل ہوجائے، تو براہِ کرم ہمیں بذریعہ فون، ڈاک یا ای میل مطلع کریں۔ رابطے کی معلومات میں تبدیلی، افرادِ خانہ کی معلومات میں تبدیلی اور آمدنی کی معلومات میں تبدیلی کے فارمز ہماری ویب سائٹ پر کرایہ داروں کی سہولیات کے سیکشن میں دستیاب ہیں۔

کیا میری فائل کے حوالے سے کوئی معاون کارکن، گھر کا کوئی فرد یا دوست Civida سے رابطہ کرسکتا ہے؟

جی ہاں، کوئی معاون کارکن، گھر کا کوئی فرد یا دوست آپ کی طرف سے Civida سے رابطہ کرسکتا ہے۔ تاہم، اس کے لیے آپ کو پہلے ہماری ویب سائٹ پر کرایہ داروں کی سہولیات کے سیکشن میں دستیاب ذاتی معلومات کے اجراء پر رضامندی فارم لازماً مکمل کرنا ہوگا۔ آپ کی رازداری کو محفوظ رکھنے کے لیے، ہم صرف انہی لوگوں سے بات کریں گے جن کے نام آپ نے فارم پر دیے ہوں گے۔ اس میں آپ کو مدد فراہم کرنے والا کوئی بھی MLA یا سٹی کونسلر کا دفتر شامل ہے۔

میرے لیے اپنے کرائے کی ادائیگی کا باسہولت ترین طریقہ کونسا ہے؟

آپ اپنا کرایہ چیک، منی آرڈر کے اجراء، ای ٹرانسفر یا پیشگی مجاز ڈیبٹ وِدڈرال کے ذریعے ادا کرسکتے ہیں۔ اگرچہ ہمارے دفاتر فی الحال بند ہیں لیکن پھر بھی آپ کسی بھی وقت چیک یا منی آرڈر ہمارے صدر دروازوں کے بائیں جانب ڈراپ بکس میں ڈال سکتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا چیک یا منی آرڈر سر بمہر لفافے میں بند ہو جس پر آپ کا نام لکھا ہو اور لفافے کے اندر ٹی کوڈ ہو۔

آپ payment@civida.ca پر بھی اپنے فنڈز ای ٹرانسفر کرسکتے ہیں (نوٹ کے سیکشن میں اپنا ٹی کوڈ، مکمل نام اور پتہ درج کریں)۔

آپ ہماری ویب سائٹ پر کرایہ داروں کی سہولیات کے سیکشن میں پیشگی مجاز ڈیبٹ وِدڈرال فارم بھی ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

میرے کرائے کا تخمینہ کیسے لگایا جاتا ہے؟

مارکیٹ سے قریب کے ہمارے کرایہ داروں کے لیے کرایہ قرب و جوار کے مارکیٹ کرائے سے 10 تا 20 فیصد کم پر مقرر ہے۔ مارکیٹ سے قریب کے ہمارے کرایہ دار کرائے میں ایڈجسٹمنٹ کے اہل نہیں ہیں۔

کمیونٹی رہائش گاہ کے ہمارے کرایہ داروں کے لیے، کرائے کا تخمینہ آپ کی خام خانگی آمدنی کے 30 فیصد پر، یا سماجی معاونت یا البرٹا ورکس لرنرز کے حاملین کے لیے سماجی معاونت کی شرح پر لگایا جاتا ہے۔

اگر آپ کے خیال میں آپ کا کرایہ ضرورت سے زیادہ مقرر ہے، تو یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا آپ کرائے میں ایڈجسٹمنٹ کے اہل ہیں، گھر کے تمام افراد کی موجودہ خام ماہانہ آمدنی کی توثیق کے لیے براہِ کرم تصدیقی دستاویزات جمع کروائیں۔

میرے گھر کے افراد کی تعداد میں کون کون آتا ہے؟

ہمیں آپ کے گھر کے افراد کے تعین کے لیے سماجی رہائشی سہولت کے ضابطے (Social Housing Accommodation Regulation (SHAR)) پر لازماً عمل کرنا ہوگا۔ آپ کے گھر کے افراد میں درج ذیل لوگ شامل ہیں:

- آپ کا شریکِ حیات یا بالغ باہمی انحصار کا حامل پارٹنر
- آپ کے خونی رشتے کا حامل، گود لیا گیا یا شادی کے بعد پیدا ہونے والا فرد
- وہ فرد جو آپ کے گھر کے فرد کے طور پر مستقل طور پر آپ کے ساتھ رہتا ہو
- بچوں سمیت وہ تمام افراد جو آپ کے زیرِ دست ہوں جو مکمل طور پر آپ کی تحویل میں ہوں یا 50 فیصد پر مبنی مشترکہ تحویل میں ہوں
- ساتھ رہنے والا نگہداشت پر مامور فرد
- وہ فرد جو عموماً آپ کے گھر کا فرد ہو لیکن درج ذیل وجوہات کے باعث عارضی طور پر غیر حاضر ہو:
  - فوجی ملازمت
  - اسپتال میں داخلہ
  - ملازمت
  - اسکول میں حاضری
  - دیگر خصوصی حالات

Civida میں کے کسی اور گھر میں منتقلی کے لیے کیسے درخواست دوں؟

- اگر آپ نئے گھر میں منتقلی کے خواہشمند ہیں، تو آپ کو لازماً پہلے ہماری ویب سائٹ پر کرایہ داروں کی سہولیات کے سیکشن میں دستیاب منتقلی کی درخواست کا فارم اور منتقلی کی درخواست بیڈ رومز کی فہرستیں پُر کرکے منتقلی کی درخواست دینا ہوگی۔ منتقلی کی درخواستوں کی اہلیت جانچنے اور تجزیہ کرنے کا طریقہ وہی ہوگا جو نئی درخواستوں پر عمل درآمد کے لیے اختیار کیا جاتا ہے۔ منتقلی کے عمل کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہِ کرم ہم سے رابطہ کریں۔

دوسرے گھر میں منتقلی میں کتنا عرصہ لگے گا؟

ہمیں بھاری تعداد میں موصول ہونے والی درخواستوں کے باعث، **ہم فوری منتقلیاں پیش کرنے سے قاصر ہیں**۔ منتقلیوں کو درخواستیں وصول ہونے کی ترتیب سے عمل میں لایا جاتا ہے، ضرورت کی بنیاد پر ان کا تجزیہ کیا جاتا ہے اور ترجیحی فہرست میں شامل کیا جاتا ہے۔

کیا میں معمر شہریوں کی رہائش گاہ میں منتقل ہوسکتا ہوں؟

بدقسمتی سے، فی الحال ہم کوئی ایسی سماجی رہائش گاہ فراہم کرنے سے قاصر ہیں جو بنیادی طور پر معمر شہریوں کے لیے مختص کی گئی ہو۔ معمر شہریوں کی رہاش گاہ کے آپشنز کے لیے، 780-466-0038 پر GEF سینئرز ہاؤسنگ، -780-423 5510 پر سیج سینئرز ایسوسی ایشن سے رابطہ کریں یا اپنے فون سے 211 ملا کر البرٹا کو کال کریں۔

[کیا آپ کی طرف سے پالتو جانور رکھنے کی اجازت ہے؟]

ہماری **کمیونٹی کی رہائش گاہ** اور **مارکیٹ سے قریب** کے رہائشی پروگراموں میں، صرف ایک بلی اور چھوٹے کتے کی اجازت ہے۔ مارکیٹ سے قریب کے ہمارے کرایہ داروں سے پالتو جانوروں کی مد میں 150 امریکی ڈالرز کا ناقابلِ واپسی ڈپازٹ وصول کیا جائے گا۔

مخصوص نسلیں رکھنے کی اجازت نہیں ہیں، جن میں بلا تحدید شامل ہیں: روٹ ویلرز، ڈوبرمین پنشرز، بلیو ہیلرز، پٹ بُلز، جرمن شیفرڈز، چاؤ چاؤز، شار پیز، امریکن اسکیموز، امریکن اسٹیفورڈشائر ٹیریئرز، پٹ بُلز ٹیریئرز، امریکن پٹ بُل ٹیریئرز، اسٹیفورڈشائر بُل ٹیریئرز، ماسٹفز، ڈوگوز ارجنٹینوز (ارجنٹائنی ماسٹفز)، روڈیشین رجبیکس اور ان کی مخلوط نسلیں۔ بہت زیادہ شور کرنے والے پرندے، اور ان کے علاوہ سانپ، مکڑیاں اور دیگر جانور جو فطری طور پر خطرناک اور خبیث ہوتے ہیں، ان کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی۔ اس حوالے سے Civida کا فیصلہ حتمی ہے۔

براہِ کرم ہماری ویب سائٹ پر کرایہ داروں کی سہولیات کے سیکشن میں دستیاب پالتو جانوروں اور نگہبان کتوں کا معلوماتی پرچہ ملاحظہ کریں۔

[کیا آپ کی طرف سے نگہبان کتوں کی اجازت ہے؟]

ایسے نگہبان کتوں کی اجازت ہے جنہیں خاص طور پر معذور افراد کی مدد کے لیے تربیت دی گئی ہو۔ Civida کو اپنے شناختی کارڈ کی نقل فراہم کریں جس میں حکومتِ البرٹا کا لوگو اور آپ اور آپ کے کتے کی تصویر ہو۔ اگر آپ کے پاس شناختی کارڈ نہ ہو تو ہمیں اپنے معالج کی جانب سے جاری کردہ ایک مراسلہ فراہم کریں جو آپ کے لیے نگہبان کتے کی ضرورت کا اظہار کرتا ہو اس کے علاوہ اسسٹنس ڈوگز انٹرنیشنل (ADI) تصدیق شدہ اسکول کی جانب سے تحریری تصدیق نامہ پیش کریں کہ کتا نگہبانی کے لیے تربیت یافتہ اور اہل ہے۔

براہِ کرم ہماری ویب سائٹ پر کرایہ داروں کی سہولیات کے سیکشن میں دستیاب پالتو جانوروں اور نگہبان کتوں کا معلوماتی پرچہ ملاحظہ کریں۔

[میں سفر پر جا رہا ہوں۔ کیا مجھے آپ کو بتانا ہوگا؟]

اگر آپ مسلسل 14 دنوں سے زائد مدت کے لیے گھر سے دور رہیں گے تو ہمیں ایک تحریری اطلاع نامہ درکار ہوگا جسے ای میل یا ڈاک کے ذریعے بھیجا جاسکتا ہے۔ براہِ کرم ہنگامی صورت میں رابطے کے لیے ہمیں اس فرد کا نام اور فون نمبر فراہم کردیں جو آپ کی غیر موجودگی میں آپ تک رسائی پاسکتا ہو۔ یہ اس لیے ضروری ہے کہ اگر آپ کی غیر موجودگی میں آپ کے گھر کے ساتھ کوئی معاملہ پیش آئے تو Civida آپ سے رابطہ کرسکے۔

اس سے فرق نہیں پڑتا کہ آپ کتنی مدت کے لیے گھر سے دور رہیں گے، آپ کو اپنا کرایہ وقت پر ہی ادا کرنا ہوگا اور کسی ایسے فرد کا انتظام کرنا ہوگا جو باقاعدگی سے آپ کے گھر کا جائزہ لے سکے۔

[کیا کوئی فرد بطور مہمان میرے پاس آ کر قیام کرسکتا ہے؟]

اگر آپ مسلسل 14 دن سے زائد عرصے کے لیے کسی کو اپنے گھر بطور مہمان ٹھہرانا چاہتے ہوں، تو آپ کو Civida میں ایک تحریری درخواست جمع کروانا ہوگی۔ یہ درخواست مہمان کی آمد سے کم از کم دو ایامِ کار قبل لازماً جمع کروانا ہوگی۔ درخواست کی منظوری کا انحصار Civida کی صوابدید پر ہے۔

اگر مہمان کینیڈا کا شہری ہو تو وہ سال میں 30 دن سے زائد قیام نہیں کرسکتا۔ یہ 30 دن مسلسل بھی ہوسکتے ہیں اور غیر مسلسل بھی۔ اگر مہمان کینیڈا کا شہری نہ ہو تو وہ سال میں 90 دن سے زائد نہیں ٹھہر سکتا۔ یہ 90 دن بھی مسلسل اور غیر مسلسل دونوں ہوسکتے ہیں۔

[میرے گھر میں ایک بچے کی پیدائش ہوئی ہے۔ کیا ہمیں Civida کو مطلع کرنا ہوگا؟]

اگر آپ کے گھر میں کسی کا بچہ ہو، تو براہِ کرم ہماری ویب سائٹ پر کرایہ داروں کے لیے سہولیات کے سیکشن میں دستیاب معلومات میں تبدیلی کا فارم جمع کروائیں۔ اس کے متبادل کے طور پر، آپ ایک دستخط شدہ اور تاریخ یافتہ مراسلہ بھی جمع کروا سکتے ہیں جس میں بچے کا مکمل قانونی نام، جنس اور تاریخِ پیدائش درج ہو۔ فارم یا مراسلے کو ای میل، ڈاک ہمارے ڈراپ بکس کے ذریعے جمع کروایا جاسکتا ہے۔

اگر مجھے اپنے رہائشی احاطے میں سوئیاں ملیں تو کیا کروں؟

311 (غیر ہنگامی لائن) پر کال کریں۔ وہ ایڈمنٹن شہر کے بڑے پیمانے پر صفائی کے پروگرام کو فعال کردیں گے جو عوامی جگہوں سے سوئیوں کی محفوظ جمع کاری اور اتلاف کا ذمہ دار پروگرام ہے۔

میرے رہائشی احاطے میں جرم ہوا ہے اور مجھے سی سی ٹی وی فوٹیج درکار ہے۔

help@civida.ca پر جرم نمبر اور اپنی ایڈمنٹن پولیس سروس سے رابطے کی معلومات فراہم کریں۔ جواباً ریکارڈنگ فراہم کردی جائے گی **بشرطیکہ** ہمارے پاس موجود ہوئی۔

میرا پڑوسی بھنگ کا نشہ (smoking cannabis) کرتا ہے، مجھے کیا کرنا چاہیے؟

یکم مارچ، 2019 سے نافذالعمل، Civida سگریٹ نوشی کی ممانعت کی سخت پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ کرایہ داروں کو Civida کے زیر انتظام احاطوں میں سگریٹ نوشی کرنے، تمباکو، بھنگ، لوبان یا دیگر عناصر جلانے یا اڑانے کی اجازت نہیں ہے۔ اس میں نجی یونٹس کے اندرونی حصے، بالکونیاں، مشترکہ استعمال کے احاطے، پارکنگ لاٹس اور احاطے کے بیرونی حصے شامل ہیں تاآنکہ سگریٹ نوشی کے لیے کوئی مقررہ جگہ مختص کی گئی ہو۔

تاہم، اگر کرایہ دار کے پاس بھنگ کے استعمال کا طبی کارڈ موجود ہو تو اسے سگریٹ نوشی کی ممانعت کی پالیسی سے دستبردار قرار دیا جاسکتا ہے۔ رازداری قائم رکھنے کے لیے، ہم اس بات کا اظہار نہیں کریں گے کہ کرایہ دار کے پاس طبی کارڈ ہے یا نہیں۔

اگر آپ کو کسی مخصوص یونٹ سے بھنگ کی بو آئے، تو ہماری ہدایت ہے کہ دفتری اوقات کے بعد اور ویک اینڈز پر -780 420-6161 پر پیلاڈن سیکیورٹی کو کال کریں۔ پیلاڈن درج ذیل امور انجام دے سکتا ہے:

- آپ کی شکایت کو درج کرنا اور اس کی تصدیق کرنا۔
- موقع پر وہاں پہنچ کر مسئلے کا تدارک کرنا۔
- ہمیں فریقِ ثالث کی ایک غیر جانبدارانہ رپورٹ فراہم کرنا کہ انہوں نے یونٹ میں موجودگی کے دوران کیا دیکھا اور سنا۔
- اگر عمارت میں رہنے والے دیگر کرایہ داروں کو آپ کی طرح کا یہ مسئلہ لاحق نہ ہو تو ہمیں شکایت کے اضافی معاون ثبوت فراہم کرنا۔

اگر کوئی مسلسل میرے پارکنگ اسٹال کو استعمال کرتا رہے تو میں کیا کرسکتا ہوں؟

311 (غیر ہنگامی لائن) پر کال کریں۔ جب آپ کال کر رہے ہوں تو ملکیت کے ثبوت کے لیے آپ کا ڈرائیونگ لائسنس، لیز کا معاہدہ اور پارکنگ اسٹال نمبر آپ کے ہاتھ میں ہونا چاہیے۔ آپ سے مخالف گاڑی کا ماڈل، بناوٹ، رنگ اور لائسنس پلیٹ نمبر بھی بتانے کا کہا جائے گا اور 311 سے ایک افسر کو بھیج دیا جائے گا۔

مجھے پانی کا بل کیوں دیا جا رہا ہے؟ میں نے سمجھا تھا کہ پانی میرے کرائے میں شامل ہے۔

پانی آپ کے کرائے میں ہر مجاز کرایہ دار کے لیے زیادہ سے زیادہ 60 امریکی ڈالرز فی مہینہ کی حد تک شامل ہے۔ اس سے زائد استعمال کی قیمت آپ سے وصول کی جائے گی۔ اگر ٹوائلٹس میں پانی مسلسل بہہ رہا ہو یا نلکے یا پائپ لیک ہو رہے ہوں تو فوری طور پر ہماری مینٹننس ٹیم کو بلائیں تاکہ آپ کا بل 60 امریکی ڈالرز کے اندر اندر رہے۔

مجھے بجلی کا بل کیوں موصول ہوا ہے؟

آپ کی لیز کی ایک شرط یہ بھی ہے کہ آپ کو رہائش گاہ میں منتقل ہوتے ہی بجلی کو اپنے نام پر کروانا ہوگا۔ اگر ایسا نہ کیا گیا، تو بجلی کا بل دوبارہ ہمارے دفتر پر عائد ہوگا اور آپ کو اس بل کے ساتھ ساتھ ہمارے انتظامی اخراجات کی ادائیگی بھی کرنا ہوگی۔ یہ بات جاننا اہم ہے کہ یوٹیلیٹیز کی مینٹیننس آپ کے لیز کے معاہدے کی ایک شرط ہے۔

میری آمدنی تبدیل ہوگئی ہے۔ کیا مجھے Civida کو مطلع کرنا ہوگا؟

اگر آپ کمیونٹی رہائش گاہ کے کرایہ دار ہیں، تو آپ کو ہم سے رابطہ کرنا ہوگا۔ ہم آپ کی فائل کا جائزہ لے کر طے کریں گے کہ آیا آپ کرائے میں تبدیلی پانے کے اہل ہیں یا نہیں۔ براہِ کرم ہماری ویب سائٹ پر کرایہ داروں کی سہولیات کے سیکشن میں آمدنی میں تبدیلی کا فارم حاصل کریں، اسے پُر کریں اور فارم پر درج مطلوبہ دستاویزات کے ہمراہ اسے ہمارے دفتر میں بھیج دیں۔ آپ کو گزشتہ مہینے کی پہلی سے لے کر آخری تاریخ تک آمدنی کی تصدیق کا مکمل مہینہ فراہم کرنا ہوگا۔

میری ادائیگیاں فریقِ ثالث کی ہیں، لیکن مجھے گھر خالی کرنے کا نوٹس ملا ہے۔ کیوں؟

ممکنہ طور پر آپ کے گھر کے افراد میں تبدیلی، جیسے کہ کسی بچے کے 18 سال کی عمر کو پہنچ جانے یا کسی کے گھر سے چلے جانے کے باعث، آپ کی آمدنی کی سپورٹ بھی تبدیل ہوگئی ہو۔ براہِ کرم اپنی آمدنی کے معاون کار سے رابطہ کریں اور اپنے رہائشی کلرک کو اپنی موجودہ آمدنی کی سپورٹ کے بجٹ کی نقل فراہم کریں۔

جب میں اپنا سالانہ جائزہ عمل میں لا چکا ہوں یا بروقت اپنا کرایہ ادا کرچکا ہوں تو پھر مجھے گھر خالی کرنے کا نوٹس کیوں ملا ہے؟

ادائیگیاں عمل میں لانے، ڈاک کا جائزہ لینے اور اطلاع نامے تیار اور شائع کرنے میں ہمیں کئی دن لگ جاتے ہیں۔ بعض اوقات کوئی اعلامیہ غلطی سے بھی شائع ہوسکتا ہے۔ اگر آپ کے خیال میں کوئی غلطی ہوئی ہے، تو براہِ کرم اپنی فائل کے جائزے کے لیے 780-420-6161 پر ہماری کسٹمر سروس ٹیم سے رابطہ کریں۔

میں مینٹننس سے اس بل کی اپیل کیسے کرسکتا ہوں؟

براہِ کرم ہمارے دفتر میں اپیل کا مراسلہ جمع کروائیں جس میں یہ وضاحت کی گئی ہو کہ آپ کے خیال میں آپ کو یہ بل کیوں موصول نہیں ہونا چاہیے تھا۔ آپ کے مینٹننس کلرک کی جانب سے اس کا جائزہ لیا جائے گا۔

کیا مجھے کرایہ داری کا بیمہ کروانا ہوگا؟

ہم ترغیب دیتے ہیں کہ تمام کرایہ دار کرایہ داری کا بیمہ کروا لیں۔ ہمارا ZipSure کے ساتھ اشتراک ہے، جو Civida کے تمام کرایہ داروں کے لیے رعایت یافتہ نرخ پیش کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے براہِ کرم 780-420-6161 پر ہم سے رابطہ کریں۔

میری بیمہ کمپنی کو میری عمارت کے بارے میں کچھ سوالات کرنے ہیں، میں کس سے بات کروں؟

براہِ کرم ہماری مینٹننس ٹیم سے 780-420-6161 ایکسٹینشن 2 پر رابطہ کریں اور اپنی عمارت کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

کیا میں اپنے صحن میں حوض، جھولا یا آتش دان رکھ سکتا ہوں؟

بدقسمتی سے، Civida کے زیرِ انتظام احاطوں میں حفاظتی وجوہات کی بناء پر ان چیزوں کی اجازت نہیں ہے۔ مزید وضاحت کے لیے ہم سے 780-420-6161 پر رابطہ کریں۔

مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم ہماری ویب سائٹ پر کرایہ داروں کی سہولیات کے سیکشن میں دستیاب بیرونی احاطوں کا معلوماتی پرچہ ملاحظہ کریں۔

میں اپنے یونٹ سے رہائش کیسے ختم کرسکتا ہوں؟

آپ ہماری ویب سائٹ پر کرایہ داروں کی سہولیات کے سیکشن میں دستیاب منتقلی کا نوٹس فارم جمع کروا سکتے ہیں یا پھر ہمارے دفتر میں ای میل یا ڈاک کے ذریعے پورے ایک مہینے کا تحریری نوٹس بھیج سکتے ہیں۔ نوٹس میں آپ کا پورا نام، ٹی کوڈ، پتہ، رہائش چھوڑنے کی تاریخ اور دستخط لازماً ہونے چاہئیں۔

آپ کا دفتر بند ہے۔ میں اپنا سالانہ آمدنی کا جائزہ کیسے جمع کروا سکتا ہوں؟

آپ اپنا سالانہ آمدنی کا جائزہ ای میل، فیکس، ڈاک یا ہمارے مرکزی دفتر کے دروازوں کے بائیں جانب موجود ڈراپ بکس کے ذریعے جمع کروا سکتے ہیں۔

میں شکایت کیسے درج کروا سکتا ہوں؟

شکایات لازماً تحریری شکل میں ہوں اور ہمیں ای میل، ڈاک یا ڈراپ بکس کے ذریعے ارسال کی جائیں۔ براہِ کرم زیادہ سے زیادہ تفصیل مہیا کریں تاکہ ہم درج کردہ شکایت کا ریکارڈ رکھ سکیں۔ اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہوں تو براہِ کرم ہم سے رابطہ کریں۔